# پری میریٹل کاؤنسلنگ
# ایک تعارف

Rishta Nata
United States of America

AHMADIYYA MUSLIM COMMUNITY
United States of America

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Rishta Nata
United States of America

# پری میریٹل کاؤنسلنگ

## تعارف:

احمدیہ مسلم جماعت امریکہ کا پری میریٹل کاؤنسلنگ (پی ایم سی) ڈیپارٹمنٹ آپکی منگنی پر اور ان تمام برکات پر جو اس شادی کے نتیجے میں آپکو حاصل ہوں گی، انشااللہ۔ خوشی کا اظہار کرتا ہے۔

ممبران پی ایم سی ٹیم آپکی اعانت پر مشکور ہیں کہ آپ شادی سے پہلے کاؤنسلنگ کروا رہے ہیں جو خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے نکاح سے پہلے لازمی ہے۔

## پی ایم سی کیوں ضروری ہے؟

آپ کے ذہن میں سوال ضرور ہوگا: مجھے پی ایم سی کی کیا ضرورت ہے؟ درجہ ذیل میں مختصراً جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

- ہم آپکی مدد کرنا چاہتے ہیں اس سوچ کے ساتھ کہ ایک نئی شادی شدہ زندگی کے آغاز پر ایک ٹھوس اسلامی بنیاد کی ضرورت ہوتی ہے۔
- پی ایم سی کے ذریعے دلہا دلہن کے مابین پائیدار اور اچھے تعلقات کو قائم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، ان کی مدد کی جاتی ہے کہ وہ سوچ سمجھ کر ایک مستحکم اطمینان بخش شادی شدہ زندگی کے لیے تیار ہوں۔
- کوئی رشتہ کامل نہیں ہوتا؛ ممکن ہے جب آپ اپنی نئی شادی شدہ زندگی میں ایڈجسٹ ہوں تو آپکو اپنے رشتہ میں مسائل درپیش آئیں۔ ہم آپکی ان مشکلات کو سمجھنے میں اور ان سے بروقت نبٹنے میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔ پس جتنی ایمانداری سے آپ اپنے خدشات کا اظہار کریں گے۔ اتنی ہی سہولت سے ہم اپنی صلاحیتوں کے ذریعے آپ کی شادی کی تیاری میں ممد ثابت ہوں گے۔ ہمارے کاؤنسلر کسی کے متعلق منفی رائے نہیں قائم کرتے اور اس کی یقین دہانی کرائی جاتی ہے کہ آپ کی ہر بات مکمل رازداری میں رہے گی۔
- اہم بات یہ ہے کہ آپ ایمانداری سے ہر سوال کا جواب دیں۔ کسی بھی سوال کا صحیح یا غلط جواب نہیں۔ اور امید ہے کہ آپکے جوابات سچائی پر مبنی ہوں گے۔ سوالات اور نصائح ایک دوسرے کو سمجھنے کے لئے ابتداء ہیں جو شادی سے پہلے انتہائی اہم ہے۔
- شادی سے پہلے اپنے خدشات کا اظہار کرنا بہتر ہے بجائے اس کے کہ شادی کے بعد اپنے ان خیالات سے آگاہ کیا جائے۔ آپ یقیناً یہ نہیں چاہیں گے کہ آپ کی شادی اس وجہ سے خراب ہو کہ خیالات اور وساوس کا بروقت اظہار نہیں کیا گیا۔

- ہم آپکو نہ صرف شادی کی تقریب کے لیے بلکہ شادی شدہ زندگی کے لئے تیار کرنا چاہتے ہیں اگرچہ اس بارے میں حضور ایدہ اللہ تعالی کی ہدایات بھی دستیاب ہیں۔ اکثر دلہا دلہن اور ان کے خاندان والے شادی کی تقریبات میں اتنا مشغول ہو جاتے ہیں کہ شادی کے بعد کی زندگی کی تیاری کے لیئے کوئی وقت نہیں نکالتے۔ پی ایم سی کا مقصد آپ کو سکون سے اپنے رشتہ کے بارے میں سوچنے میں مدد دینا ہے۔ شادی کی تقریب تو آپکی باہمی زندگی کی ابتداء ہے۔ لیکن بعد میں آنے والی زندگی لمبا عرصہ رہنے والی ہے۔ انشاءاللہ۔ بہتر ہے کہ وقت نکال کر اپنی مستقبل کے باہمی سفر کی تیاری کریں۔

پی ایم سی میں ان موضوعات پر روشنی ڈالی جاتی ہے جو شادی کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں۔ کاؤنسلنگ میں جن موضوعات پر بات کی جائے گی ان میں زیادہ تر وہ ہونگے جو آپ کو پی ایم سی کے دستاویز میں فراہم کیے گئے ہیں۔ براہ مہربانی ان کا کاؤنسلنگ سیشن سے پہلے احتیاط سے مطالعہ کریں۔

## پری میریٹل کاؤنسلنگ کا طریقہ کار:

- پی ایم سی کی درخواست رشتہ ناطہ کی ویب سائیٹ https://www.rishtanata.us پر فارم بھر کر یا pmc@Rishtanata.us پر ای میل کر کے دیں۔
- براہ مہربانی دلہا اور دلہن زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کریں جیسا کہ ای میل، فون نمبر اور جماعت۔
- براہ مہربانی کاؤنسلنگ کی درخواست کم سے کم نکاح سے دو ہفتے یا اگر ممکن ہو تو اس سے بھی پہلے بھجیں۔
- پی ایم سی کی درخواست موصول ہونے کے بعد پی ایم سی کو آرڈینیٹر آپ سے مزید معلومات لیں گے، آپکو پی ایم سی دستاویزات فراہم کریں گے اور ایسے دن اور وقت پر کاؤنسلنگ سیشن منعقد کریں گے جس پر سب متفق ہوں۔
- کاؤنسلرز جماعت کے فعال ممبران ہیں جنہوں نے تجربہ کار کاؤنسلرز سے تربیت حاصل کی ہے۔ عموماً ایک مرد اور ایک خاتون کاؤنسلر پی ایم سی کا سیشن منعقد کرتے ہیں۔
- دلہا، دلہن اور ان کے والدین سے توقع کی جاتی ہے کہ انہوں نے پی ایم سی سیشن سے پہلے تمام پی ایم سی دستاویزات کا مطالعہ کیا ہے۔
- پی ایم سی عموماً سکائیپ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کی جاتی ہے۔ پس فریقین امریکہ یا دنیا میں کہیں بھی ہوں شامل ہو سکتے ہیں۔ تمام شرکاء اپنی سکائیپ آئی ڈی پی ایم سی کو آرڈینیٹر کو بھجیں۔ بہتر ہے کے تمام شرکاء کمپیوٹر استعمال کریں کیونکہ سکائیپ ویڈیو سمارٹ فون پر اتنی کار آمد نہیں۔
- ایک پی ایم سی سیشن تقریباً دو گھنٹے کا ہوتا ہے۔

- دلہا، دلہن اور انکے والدین پی ایم سی سیشن میں متوقع ہوتے ہیں (والدین کو سیشن میں پہلا آدھ ایک گھنٹہ شامل ہونا ہوتا ہے)۔
- دلہا دلہن کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اگر سیشن کے بعد کچھ اور سوالات ہوں تو کاؤنسلرز سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔

## شادی کے بعد:

آپ کی شادی کے ساتھ پی ایم سی ٹیم کی اصولی ذمہ داری ختم ہو جاتی ہے۔ تاہم پی، ایم سی کاؤنسلرز سے شادی کے بعد بھی انفرادی طور پر مشورے کے لیے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اختلافات کو سلجھانے کی ذمہ داری نیشنل امور عامہ کے شعبے کی ہے ان سے رابطہ جماعت کے صدر کے توسط سے کیا جا سکتا ہے۔

## انتباہ:

اس سیشن کا اصل مقصد آپ دونوں کو شادی شدہ زندگی کی ذمہ داریوں کی آگاہی دلانا ہے۔ اس امید اور دعا کے ساتھ کے آپ پوری سمجھ اور علم کے ساتھ یہ معاہدہ کرینگے۔ انشاللہ۔ ہمیں آپ کو یہ بھی بتانا ضروری ہے کہ پی ایم سی کے دوران ایک دوسرے کے بارے میں کچھ ایسے اوامر سامنے آتے ہیں جن کی اگر نکاح سے پہلے مفاہمت نہ کی گئی تو جو اپنی نوعیت اور شدت کے اعتبار سے آگے چل کر کے شدید مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔ شعبہ رشتہ ناتا بڑے اصرار کے ساتھ یہ مشورہ دیتا ہے کہ اگر کچھ ایسے امر سامنے آئیں تو آپ اور آپ کے خاندان والے بڑے ایماندارانہ، مہذبانہ اور اصلاحانہ طریق پر ان کا سامنا کر کے ان کا حل نکالیں۔

ہماری مخلصانہ دعا ہے کہ آپ کی شادی ہم آہنگ اور کامیاب ہو۔ لیکن ایک پی ایم سی سیشن بذاتِ خود اس نتیجہ کی یقین دہانی نہیں کر سکتا۔ حضورِ انور ایداللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق، شعبہ رشتہ ناتا کی ذمہ داری اس مرحلہ کے بعد ختم ہے۔ اس لئے شعبہ رشتہ ناتا آپ کی شادی میں ہونے والی مشکلات کی ذمہ داری نہیں لے سکتا۔